Persian

बिहार सरकार

# Catch-up-Course

## مربوط مواد

مضمون:-فارسی

درجہ-9,10

صوبائی کونسل برائے تعلیمی تحقیق وتربیت، پٹنہ کے ذریعہ فروغ شدہ

**تعاون**:- بہار تعلیمی منصوبہ کونسل، پٹنہ، بہار

**اکیڈمک تعاون**:- یونیسیف، بہار

# گذارش

## محترم اساتذہ کرام

کووڈ-19 کی وبا نے جہاں ایک طرف زندگی کے ہر شعبے کو بری طرح متاثر کیا ہے۔ وہیں دوسری طرف بچوں کی تعلیم کا جو نقصان ہوا ہے اس کی تلافی ممکن نہیں۔2020 کا پورا سال بندی کی نذر ہو گیا۔ ایسی صورت حال میں بچوں کو اگلے کلاس کے لئے بغیر امتحان کے ترقی دے دی گئی ہے۔ تاہم ان کے تعلیمی نقصان کی تلافی کی ارباب حل وعقد نے یہ سبیل نکالی ہے کہ نئے سیشن 2021 کے پہلے تین ماہ میں بچوں کو نقصان شدہ کلاس کا کچھ حصہ اس طرح پڑھا دیا جائے کہ ان کی مدد سے وہ موجودہ کلاس میں پڑھائے جانے والے اسباق کی فہم کے قابل ہو سکیں۔ یعنی نقصان شدہ کلاس کی اس حد تک تلافی ہو جائے کہ موجودہ کلاس میں گزشتہ کلاس کے اسباق سے محرومی کی وجہ سے موجودہ کلاس کے اسباق سے ایک ربط پیدا ہو جائے اور بالکل اجنبیت نہ رہے۔

فارسی کے حوالے سے یہ بات پیش نظر رہے کہ یہاں درجہ چھ سے فارسی کی تعلیم کا نظم ہے۔ ایسی صورت میں درجہ سات سے دس تک کے لئے گزشتہ درجات کے چند خاص اور ضروری اسباق کا انتخاب اس طرح کیا گیا ہے کہ ان کی مدد سے بچے اگلے کلاس کے اسباق کو سمجھنے کے قابل ہو سکیں۔ یعنی درجہ سات کے لئے درجہ چھ کے چند ضروری اسباق کا انتخاب کیا گیا ہے جس کی مدد سے بچے درجہ سات کی کتاب پڑھنے کے لائق ہو سکیں گے۔ اسی طرح درجہ دس تک کے لئے اہتمام کیا گیا ہے۔

اسباق کی وضاحت اور ان کی معنویت کو اجاگر کرنے کیلئے فراہم کردہ فارمیٹ میں مختلف عنوانات کے تحت تفصیل درج کی گئی ہے۔ اسی طرح ان اسباق کو پڑھانے کے لئے وقت کا تعین بھی کر دیا گیا ہے۔ ان کی رعایت کرتے ہوئے اگر بچوں کو پڑھایا جائے تو امید کی جاتی ہے کہ بچوں کے تعلیمی نقصان کی ایک حد تک تلافی ہو سکے گی۔

**ڈائریکٹر**

(گریوور دیال سنگھ)

صوبائی کونسل برائے تعلیمی تحقیق وتربیت، مہندرو

بہار، پٹنہ

# آموزشی ماحصل

| Persian | Listening | سننا |
|---|---|---|

1- معلم کی باتوں کو غور سے سننا۔

2- معلم کی باتوں پر توجہ دینا۔

3- مختلف آوازوں میں فرق کرنا۔

4- مختصر نظموں، کہانیوں اور حکایتوں کو سن کر سمجھنا۔

5- ہدایتوں اور آسان اظہار کو سمجھنا اور اس پر ردعمل ظاہر کرنا۔

6- روزمرہ کی زبان میں بات چیت کرنا اور اپنے گردو پیش میں بولے جانے والے الفاظ کو سن کر سمجھنا۔

7- زبان میں لب ولہجہ کے تفریق کو سمجھنا، عام بول چال میں فارسی الفاظ کی شناخت کرنا۔

8- تقریر، ریڈیو اور ٹی وی پروگرام کو سن کر سمجھنا۔

9- کہانی اور نظم سن کر لطف اندوز ہونا اور سنے ہوئے لفظوں کا گفتگو میں استعمال کرنا۔

10- سمعی اشیا کو سن کر اپنے تاثرات کا اظہار کرنا۔

11- دوسروں کی باتوں کو اپنی زبان میں دہرانا۔

12- املا کی عام غلطیوں کی سن کر نشاندہی کرتے ہیں۔

13- مذاکرہ، بیت بازی اور نظم خوانی کی مجلسوں میں شرکت کرتے ہیں۔

14- اصناف ادب کی پہچان سن کر کرنا اور اس کے انداز بیان سے لطف اندوز ہونا۔

# آموزشی ماحصل

| بولنا | Speaking | Persian |
|---|---|---|

1- اپنی زبان میں بولنا۔

2- تلفظ کی صحت کے لیے الفاظ یا جملوں کو بار بار دہرانا۔

3- کسی بات کو سن کر وضاحت کے لئے سوالات پوچھنا۔

4- آوازوں میں فرق کرتے ہوئے بولنا۔

5- صحیح تلفظ کے ساتھ بولنا۔

6- پسند اور ناپسند کے مطابق اظہار خیال کرنا۔

7- مخرج کے مطابق ادائیگی کرنا۔

8- بے تکلفی اور آزادی کے ساتھ اپنی بات کا اظہار کرنا۔

9- گروپ میں اپنی پسند اور ناپسند کا اظہار کرنا۔

10- اپنی بات خود اعتمادی کے ساتھ کہنا۔

11- سماجی ماحول پر اپنے مثبت ردعمل کا اظہار خیال کرتے ہیں۔

12- لب ولہجہ میں فرق کرتے ہوئے اور مناسب اتار چڑھاؤ کے ساتھ بولتے ہیں۔

13- نظموں اور کہانیوں کو صحیح تلفظ کے ساتھ سناتے ہیں۔

14- پڑھے ہوئے سبق پر اپنی رائے کا اظہار کرنا۔

15- اپنے خیالات اور تجربے کا اظہار بول کر کرتے ہیں۔

16- حکایت ونظم سناتے ہیں اور ان پر اپنی رائے ظاہر کرتے ہیں۔

17- اپنے سفر کے مشاہدات کو ترتیب کے ساتھ بیان کرتے ہیں۔

18- مختلف سرگرمیوں میں بے جھجک اپنی بات پیش کرتے ہیں۔

19- اسمبلیوں اور سالانہ اجلاس میں کسی موضوع پر تسلسل کے ساتھ بولتے ہیں۔

20- اپنی باتوں کو وضاحت اور دلیلوں کے ساتھ پیش کرتے ہیں۔

# آموزشی ماحصل

## Persian Reading پڑھنا

1- تصویر کے ذریعہ پڑھنا۔

2- صحیح تلفظ کے ساتھ پڑھنا۔

3- لفظوں اور جملوں کو پڑھنا۔

4- اردو کی مشکل آوازوں کی ادائیگی کرنا۔

5- نظموں اور غزلوں کو مناسب اتار چڑھاؤ اور لحن کے ساتھ پڑھنا۔

6- روانی و مناسب اتار چڑھاؤ اور تاثرات کے ساتھ پڑھنا۔

7- متن کے ساتھ اس کے مرکزی خیالات اور کردار کے مطابق تاثرات کا اظہار کرتے ہوئے پڑھنا۔

8- پوسٹر، ہینڈ بل، چارٹ، اخبار اور رسالے کے تراشے پڑھنا۔

9- درسی کتب کے علاوہ دوسری تحریروں کو پڑھنا۔

10- پڑھ کر فارسی زبان کی تمام اصناف میں تفریق کرتے ہیں اور لطف اندوز ہوتے ہیں۔

11- پڑھنے کے ذریعہ ہم بلند خوانی اور خاموش خوانی کرتے ہیں۔

12- الگ الگ تحریروں کو الگ الگ انداز میں پڑھنا۔

13- تجزیہ کرتے ہوئے پڑھنا۔

14- ادبی شعور، تخلیقی صلاحیت اور تنقیدی شعور کو پروان چڑھاتے ہوئے پڑھنا۔

15- دیگر زبانوں کی کہانیوں کو پڑھنا اور ان کا ترجمہ کرنا۔

# آموزشی ماحصل

| لکھنا | Writing | Persian |
|---|---|---|

1- لکیریں کھینچنا/تصویر بنانا۔

2- مفرد حروف کے ساتھ لفظوں کو لکھنا۔

3- جملوں کو لکھنا۔حروف کی شکل وشباہت کا خیال کرتے ہوئے لکھنا۔

4- مناسب رموز واوقاف کا استعمال کرتے ہوئے لکھنا۔

5- اپنی تخلیقی صلاحیت کا اظہار (نظم وحکایت وغیرہ) لکھ کر کرتے ہیں۔

6- اپنے ردعمل کا اظہار کرتے ہیں۔

7- اپنے سفر کے مشاہدات لکھ کر بتاتے ہیں۔

8- حکایت ونظم کا مرکزی خیال اور خلاصہ سمجھ کر لکھتے ہیں۔

9- نعرے،فقرے اور مختلف حالات میں استعمال ہونے والے اشعار لکھتے ہیں۔

10- سالانہ تقریب اور مجلس کی کارروائی لکھتے ہیں۔

11- خطوط ودرخواست لکھتے ہیں۔

12- نظم وحکایات کو ڈرامے کی شکل میں ہیں۔

13- مختلف اصناف ادب کے ہیئتوں کی شناخت کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

14- جڑنے والے نہ جڑنے والے حروف کی پہچان کر لکھنا۔

Class-9 Persian

# تعلیمی سال 2021-2022 کے لئے تین ماہ کا تعلیمی مربوط نصاب (Catch-up-Course)

## (درجہ ہشتم کے وہ بچے جو سال 2021-2022 میں درجہ نہم میں تعلیم پا رہے ہیں ان کے لئے 60 عملی ایام کا تدریسی نصاب)

مضمون:- فارسی    نصابی کتاب کا نام 'سیمائی فارسی' حصہ-III (برائے درجہ ہشتم)    درجہ: نہم

| آموزشی ماحصل | سبق | آموزشی نکات | مجوزہ تدریسی عمل | ایام |
|---|---|---|---|---|
| (i) مصدر سے مضارع بنانے کے طریقے معلوم کریں گے۔<br>(ii) چند مصادر کے مضارعے بنانے کی کوشش کریں گے۔<br>(iii) چند مضارعوں کے مصادر معلوم کرنے کی کوشش کریں گے۔ | مضارع<br>معروف<br>درس یکم<br>1 | (i) مضارع اور مصادر کے مفہوم۔<br>(ii) مضارع بنانے کے عام طریقے۔<br>(iii) مصادر سے مضارعے معلوم کرنا۔ | (i) مصادر سے مضارعے بنا کر انہیں دہرانا۔<br>(ii) بورڈ پر مصادر اور ان کے مضارعے لکھ کر بچوں سے لکھوانا۔<br>(iii) چند مصادر کے مضارعے بچوں کو یاد کرنے کی ہدایت دینا۔<br>(iv) مضارعوں کو جملوں میں استعمال کرنا اور بچوں سے دوسرے مضارعے بنا کر انہیں جملوں میں استعمال کرنے کیلئے ہدایت دینا۔<br>(v) درس یکم میں مضارع معروف کے افعال بچوں کو نشان زد کر کے سمجھائیں۔ بچوں سے بھی مثالیں پوچھیں۔<br>(vi) درس خود پڑھیں اور بچوں سے پڑھوائیں۔ اصلاح بھی کریں۔ | 2 گھنٹے |
| (i) مصدر سے مضارع اور پھر فعل حال بنانے کے طریقے معلوم کریں گے۔<br>(ii) چند مضارعوں سے فعل حال بنانے کے طریقے سیکھنے کی کوشش۔<br>(iii) چند فعل حال کو مضارع میں بدلنا اور معلوم کرنے کی کوشش۔<br>(iv) چند مصادر سے فعل حال بنانے کی کوشش۔ | حال معروف<br>شہر پٹنا<br>دس سوم<br>3 | (i) فعل حال کا مفہوم۔<br>(ii) فعل حال بنانے کے طریقے۔<br>(iii) مصادر سے مضارع اور پھر ان سے فعل حال بنانے کے طریقے۔<br>(iv) چند فعل حال سے مضارع بنانا۔<br>(v) چند فعل حال سے مصادر بنانا۔ | (i) فعل حال بنانے کا طریقہ بتانا پھر بچوں سے پوچھنا۔<br>(ii) چند مصادر ان کے مضارعے پھر ان کے فعل حال بورڈ پر لکھنا بچے بھی لکھیں گے۔<br>(iii) چند فعل حال کے مضارعے بچوں سے پوچھنا۔<br>(iv) چند مصادر کے مضارعے اور پھر ان سے فعل حال بچوں سے بنانے کی ہدایت دینا۔<br>(v) شہر پٹنا کے حوالے سے جملے بنوانا۔<br>(vi) سبق بہ آواز بلند پڑھیں، بچوں سے بھی پڑھوائیں۔ تلفظ کی اصلاح کرتے جائیں۔<br>(vii) سبق بچوں سے لکھوائیں ان کے املا درست کریں۔ | 2 گھنٹے |

مضمون:۔ فارسی

درجہ: نہم

| آموزشی ماحصل | سبق | آموزشی نکات | مجوزہ تدریسی عمل | ایام |
|---|---|---|---|---|
| (i) مصادر سے مضارع اوران سے فعل امر بنانے کے طریقے معلوم کرنا۔<br>(ii) چند مصادر سے مضارع بناتے ہوئے فعل امر بنانے کے طریقے معلوم کرنا۔<br>(iii) چند فعل امر سے مضارع اوران سے مصادر معلوم کرنے کی کوشش۔ | فعل امر<br>(اقوال مفیدہ)<br>درس پنجم<br>5 | (i) فعل امر کا مفہوم جاننا۔<br>(ii) فعل مضارع اور فعل امر کا فرق معلوم کرنا۔<br>(iii) فعل امر سے مضارعے اوران سے مصادر کے امتیازات کو سمجھنا | (i) فعل امر بنانے کا طریقہ بتانا۔<br>(ii) چند افعال ماضی، حال اور مضارعوں کو بورڈ پر لکھ کر بچوں سے انہیں الگ کرنے کی ہدایت دینا۔<br>(iii) چند فعل امر سے مصدر معلوم کرنے کی بچوں کو ہدایت دینا۔<br>(iv) اقوال مفیدہ سے فعل امر چننے کی ہدایت دینا۔<br>(v) ان اقوال مفیدہ کے افعال امر سے مصادر معلوم کرنے کی ہدایت دینا۔<br>(vi) چند جملے بنانے کی ہدایت دینا جن میں فعل امر کا استعمال ہو سکے۔<br>(vii) اقوال مفیدہ میں فعل امر کی نشاندہی کر کے بچوں سے اس قسم کی مثالیں پوچھیں۔<br>(viii) اقوال بہ آواز بلند پڑھیں بچوں سے پڑھوائیں۔غلط تلفظ کی اصلاح کرتے جائیں۔<br>(ix) بچوں سے اقوال لکھوائیں اوراملا کی اصلاح کرتے جائیں۔ | 2 گھنٹے |
| (i) مضارع سے فعل نہی بنانے کے طریقے معلوم کرنا۔<br>(ii) چند مصادر سے مضارع بناتے ہوئے فعل نہی بنانے کے طریقے معلوم کرنا۔<br>(iii) چند فعل نہی سے مضارع اوران سے مصادر معلوم کرنے کی کوشش۔ | فعل نہی<br>(چند پند)<br>درس ششم<br>6 | (i) فعل نہی کا مفہوم معلوم کرنا۔<br>(ii) فعل نہیں اور فعل امر کا فرق سمجھنا۔<br>(iii) مضارع سے فعل نہی بنانے کا طریقہ جاننا۔<br>(iv) فعل نہی سے مضارع اور مصادر کے فرق۔ | (i) فعل نہی بنانے کا طریقہ بتانا۔<br>(ii) چند مصادر کے افعال ماضی، مضارع اور فعل حال کے ساتھ فعل نہی و فعل امر لکھ کر انہیں الگ کرنے کی ہدایت دینا۔<br>(iii) فعل نہی بنانے کا طریقہ پوچھنا۔<br>(iv) چند پند میں فعل نہی کے استعمال کی نشاندہی کر کے بچوں سے اس قسم کی مثالیں پوچھیں۔افعال نہی کو افعال امر میں بدلنے کی ہدایت بچوں کو دیں۔<br>(v) بچوں سے متن پڑھوائیں اور تلفظ کی اصلاح کریں۔<br>(vi) بچوں سے چند پند لکھوائیں اوران کے غلط املا کی اصلاح بھی کریں۔ | 2 گھنٹے |

مضمون:۔فارسی

درجہ:نہم

| آموزشی ماحصل | سبق | آموزشی نکات | مجوزہ تدریسی عمل | ایام |
|---|---|---|---|---|
| (i) اسم فاعل کی واقفیت حاصل کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔<br>(ii) اسم فاعل کی قسموں کو معلوم کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔<br>(iii) اسم فاعل قیاسی اور اسم فاعل سماعی کے فرق کو سمجھنے کی کوشش کرتے ہیں۔<br>(iv) مصادر سے اسم فاعل بنانے کا طریقہ معلوم کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ | اسم فاعل<br>درس ہفتم<br>7 | (i) اسم فاعل کا مفہوم جاننا۔<br>(ii) اسم فاعل کی قسمیں جاننا۔<br>(iii) اسم فاعل بنانے کا طریقہ معلوم کرنا۔<br>(iv) اسم فاعل قیاسی اور اسم فاعل سماعی کے فرق کی وضاحت کرنا۔ | (i) اسم فاعل کی تعریف بورڈ پر لکھنا۔<br>(ii) اسم فاعل کی قسمیں بورڈ پر لکھنا۔<br>(iii) اسم فاعل بنانے کے طریقے بتانا بورڈ پر مثالیں لکھنا۔<br>(iv) بچوں سے اسم فاعل کی قسمیں پوچھنا۔<br>(v) بورڈ پر بچوں سے مثالیں لکھوانا۔<br>(vi) چند مصادر کے اسم فاعل بچوں سے بورڈ پر لکھوانا۔<br>(vii) اقتباس بہ آواز بلند پڑھیں اور بچوں سے پڑھوائیں۔ بچوں کے تلفظ کی اصلاح لازمی طور پر کرتے جائیں۔<br>(viii) بچوں سے سبق لکھوائیں۔ غلط املا کی اصلاح کرتے جائیں۔ | 2 گھنٹے |
| (i) پیشوند اور پسوند کی حقیقت معلوم کرنے کی کوشش کرتے ہیں<br>(ii) مثالوں کے ذریعہ پیشوند اور پسوند کو معلوم کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔<br>(iii) پسوند اور پیشوند بنانے کا طریقہ معلوم کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ | پیش وندی مصادر<br>(بچہ وگل)<br>درس نہم ودھم<br>9-10 | (i) پیش وند اور پس وند کی وضاحت کرنا۔<br>(ii) پیش وند اور پس وند بنانے کا طریقہ معلوم کرنا۔<br>(iii) مصادر سیکھتے ہوئے طریقہ کو دہرانا۔ | (i) پیشوند اور پسوند کی تعریف بورڈ پر لکھیں۔<br>(ii) بچوں سے ان کی تعریف پوچھیں۔<br>(iii) مثالوں سے پیشوند اور پسوند کو سمجھائیں۔<br>(iv) بچوں سے پیشوند اور پسوند کی مثالیں پوچھیں۔<br>(v) چھوٹے چھوٹے جملوں میں پیشوند اور پسوند کا استعمال بچوں سے پوچھیں۔<br>(vi) سبق کی عبارت بہ آواز بلند پڑھیں پھر بچوں سے پڑھوائیں اور ان کے تلفظ کی اصلاح بھی لازمی طور پر کرتے جائیں۔<br>(vii) عبارت لکھوائیں املا کی اصلاح پر توجہ دیں۔ | 2 گھنٹے |

| ایام | مجوزہ تدریسی عمل | آموزشی نکات | سبق | آموزشی ماحصل |
| --- | --- | --- | --- | --- |
| 2 گھنٹے | (i) جملوں کی تعریف بیان کر کے بورڈ پر لکھیں۔<br>(ii) جملوں کی قسمیں بتائیں۔<br>(iii) جملہ خبریہ و جملہ انشائیہ کے فرق کی وضاحت کریں۔ بورڈ کا استعمال کریں۔<br>(iv) بچوں سے دونوں قسم کے جملوں کا فرق پوچھیں۔<br>(v) عنوان ''تعلیم نسواں'' میں خبریہ جملوں کی نشاندہی بچوں سے کرائیں۔<br>(vi) مضمون طریقہ درس وتدریس کے حوالے سے جملہ انشائیہ کی وضاحت کیجئے۔<br>(vii) حکایات سعدی سے حکایت اول بچوں کو بتائیں۔ پھر ان سے کہانی کا خلاصہ پوچھیں۔<br>(viii) شروع میں ہی متن بہ آواز بلند پڑھیں۔<br>(ix) بچوں سے بلند خوانی کے ساتھ پڑھوائیں۔ ان کے تلفظ کی اصلاح کرتے جائیں۔ بچوں سے لکھوا کر املا بھی درست کریں۔ | (i) جملہ کی تعریف بتانا۔<br>(ii) جملوں کی قسمیں بیان کرنا۔<br>(iii) جملہ خبریہ کی تعریف معہ مثال بتانا۔<br>(iv) جملہ انشائیہ کی تعریف معہ مثال بیان کرنا۔ | درس چہاردھم<br>و<br>درس پانزدہم<br>(جملہ خبریہ<br>جملہ انشائیہ)<br>14-15 | (i) جملہ کی تعریف جاننے کی کوشش کرتے ہیں۔<br>(ii) جملوں کی قسمیں معلوم کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔<br>(iii) جملہ خبریہ اور جملہ انشائیہ کے فرق کو معلوم کرتے ہیں۔ |
| 2 گھنٹے | (i) جملوں کی مختلف قسموں کی وضاحت کرتے ہوئے جملہ شرطیہ اور پھر جملہ استفہامیہ کو سمجھائیں۔<br>(ii) درس شانزدھم اور درس ھفدھم کے جملوں میں سے جملہ شرطیہ اور جملہ استفہامیہ کو چننے کی مشق کرانا۔<br>(iii) بچوں سے جملہ شرطیہ اور جملہ استفہامیہ کی مثالیں پوچھیں۔<br>(iv) درس 15 سے سعدی کی حکایت (2) اور حکایت (3) پڑھا کر ان کا خلاصہ بچوں سے پوچھیں۔<br>(v) حکایت بہ آواز بلند پڑھیں۔<br>(vi) بچوں سے حکایت پڑھوائیں تلفظ کی غلطیوں کی اصلاح کرتے جائیں۔<br>(vii) بچوں سے لکھوائیں اور ان کے غلط املا کی اصلاح کریں۔ | (i) جملوں کی مختلف قسموں میں جملہ شرطیہ کی تعریف بتانا۔<br>(ii) جملہ استفہامیہ کی تعریف بتانا۔<br>(iii) جملوں کی قسمیں۔ خبریہ، انشائیہ اور شرطیہ واستفہامیہ چاروں کے فرق کو واضح کرنا۔ | درس شانزدھم و<br>درس ھفدھم<br>(جملہ شرطیہ و<br>جملہ استفہامیہ)<br>16-17 | (i) جملہ شرطیہ کی تعریف معلوم کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔<br>(ii) جملہ استفہامیہ کی تعریف معلوم کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔<br>(iii) جملہ شرطیہ اور جملہ استفہامیہ کے فرق کو معلوم کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ |

Persian

बिहार सरकार

# Catch-up-Course

## مربوط مواد

مضمون:-فارسی

درجہ-10

صوبائی کونسل برائے تعلیمی تحقیق وتربیت، پٹنہ کے ذریعہ فروغ شدہ

**تعاون**:- بہار تعلیمی منصوبہ کونسل، پٹنہ، بہار

**اکیڈمک تعاون**:- یونیسیف، بہار

Class-10 Persian

# تعلیمی سال 2021-2022 کے لئے تین ماہ کا تعلیمی مربوط نصاب (Catch-up-Course)

پہلا ہفتہ

(درجہ نہم کے وہ بچے جو سال 2021-2022 میں درجہ دھم میں تعلیم پا رہے ہیں ان کے لئے 60 عملی ایام کا تدریسی نصاب)

مضمون:- فارسی　　نصابی کتاب کا نام 'لالہ وگل' حصہ اوّل (برائے درجہ نہم)　　درجہ: دھم

| آموزشی ماحصل | سبق | آموزشی نکات | مجوزہ تدریسی عمل | ایام |
|---|---|---|---|---|
| (i) لفظ ''سوانح'' کو سمجھنے کی کوشش کرتے ہیں۔<br>(ii) لفظ ''سیرت'' کو جاننے کی کوشش کرتے ہیں۔<br>(iii) حضور صلعم کی شخصیت سے واقفیت حاصل کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔<br>(iv) سبق کے مشکل الفاظ کے معنی ومفہوم کو جاننے کی کوشش کرتے ہیں۔<br>(v) سبق 'زندگی نامہ' کو بلندخوانی کے ذریعہ پڑھنے کی کوشش کرتے ہیں۔<br>(vi) شہر مکہ اور قبیلہ قریش کے بارے میں جاننے کی کوشش کرتے ہیں۔<br>(vii) مذہب اسلام کے بارے میں جاننے کی کوشش کرتے ہیں۔<br>(viii) حضور صلعم کی مکی زندگی اور ہجرت کے بارے میں جاننے کی کوشش کرتے ہیں۔ | زندگی نامہ (ھادی اعظم) درس۔یکم | (i) لفظ سوانح کے مفہوم کو جاننا اور سمجھنا۔<br>(ii) لفظ ''سیرت'' کے معنی ومفہوم کو جاننا اور سمجھنا۔<br>(iii) حضور صلعم کی شخصیت کو بخوبی جاننا اور سمجھنا۔<br>(iv) سبق ''زندگی نامہ'' کے مشکل الفاظ کے معنی کو جاننا اور سمجھنا۔<br>(v) سبق ''زندگی نامہ'' کو بلندخوانی کے ذریعہ پڑھنے کی کوشش کرنا۔<br>(vi) شہر مکہ اور قبیلہ قریش کے بارے میں جاننا اور سمجھنا۔<br>(vii) مذہب اسلام کے بارے میں جاننا اور سمجھنا۔<br>(viii) حضور صلعم کی مکی زندگی اور ہجرت کے بارے میں تفصیل جاننا۔ | (i) لفظ سوانح کے بارے میں بورڈ پر لکھ کر اس کے بارے میں سمجھانا اور طلبہ سے اس سلسلے میں سوالات کرنا۔<br>(ii) لفظ ''سیرت'' کے بارے میں طلبا کو واقف کرانا۔<br>(iii) حضور صلعم کی شخصیت کے بارے میں طلبا کو سمجھا کر اسے پانچ جملے لکھنے کے لئے کہا جائے۔<br>(iv) سبق ''زندگی نامہ'' کے مشکل الفاظ اور اس کے معنی کو بورڈ پر لکھ کر سمجھانا اور طلبا سے الفاظ کے معنی دریافت کرنا۔<br>(v) سبق ''زندگی نامہ'' کو بلندخوانی کے ذریعہ بچوں کو سنانا اور بچوں سے انفرادی طور پر بلندخوانی کروانا۔<br>(vi) شہر مکہ اور قبیلہ قریش کے بارے میں طلبا کو بتانا اور اس سلسلے میں بچوں کو پانچ جملے لکھنے کے لئے کہنا۔<br>(vii) طلبا کو مذہب اسلام کے بارے میں عمومی واقفیت دینا اور ان سے زبانی سوالات پوچھنا۔<br>(viii) حضور صلعم کی مکی زندگی اور ہجرت کے واقعہ کے بارے میں تفصیل سے بتانا اور ان سے ہجرت کے بارے میں پانچ جملے لکھنے کے لئے کہا جائے۔ | 4 گھنٹے |

دوسرا ہفتہ

مضمون:-فارسی

درجہ: دہم

| آموزشی ماحصل | سبق | آموزشی نکات | مجوزہ تدریسی عمل | ایام |
|---|---|---|---|---|
| (i) لفظ ''حکایت'' کو سمجھنے کی کوشش کرتے ہیں۔<br>(ii) فارسی کی چند حکایات اور ''داستان کوتاہ'' کو جاننے کی کوشش کرتے ہیں۔<br>(iii) سبق ''عروسی رستم'' کے مشکل الفاظ کے معانی کو جاننے کی کوشش کرتے ہیں۔<br>(iv) سبق ''عروسی رستم'' کو بلند خوانی کے ذریعہ پڑھنے کی کوشش کرتے ہیں۔<br>(v) فارسی میں شاہنامہ نویسی کی روایت کو جاننے کی کوشش کرتے ہیں۔<br>(vi) شاہنامہ فردوسی کے بارے میں جاننے کی کوشش کرتے ہیں۔<br>(vii) فردوسی کی شخصیت کے بارے میں جاننے کی کوشش کرتے ہیں۔<br>(viii) حکایت ''عروسی رستم'' کے مرکزی خیال کو جاننے کی کوشش کرتے ہیں۔ | حکایت<br>(عروسی رستم)<br>درس دوم<br>2 | (i) لفظ حکایت کے مفہوم کو جاننا اور سمجھنا۔<br>(ii) فارسی کی چند حکایات اور داستان کوتاہ کو جاننا اور سمجھنا۔<br>(iii) سبق عروسی رستم کے مشکل الفاظ کے معانی و مفہوم کو جاننا اور سمجھنا۔<br>(iv) سبق عروسی رستم کو بلند خوانی کے ذریعہ پڑھنا۔<br>(v) فارسی میں شاہنامہ نویسی کی روایت کو جاننا اور سمجھنا۔<br>(vi) شاہنامہ فردوسی کے بارے میں جاننا اور سمجھنا۔<br>(vii) فردوسی کی شخصیت اور ان کی حالات زندگی کے بارے میں جاننا۔<br>(viii) حکایت ''عروسی رستم'' کے خلاصہ کو جاننا اور درجہ میں سنانا۔ | (i) لفظ حکایت کے معنی و مفہوم کو درجہ میں سمجھایا جائے۔<br>(ii) فارسی کی چند حکایات اور داستان کوتاہ کے بارے میں بچوں کو بتانا اور اس سلسلے میں بچوں سے پانچ جملے لکھنے کے لئے کہا جائے۔<br>(iii) سبق عروسی رستم کے مشکل الفاظ اور اس کے معانی بورڈ پر لکھ کر طلبا سے یاد کرنے کے لئے کہا جائے۔<br>(iv) فارسی میں شاہنامہ نویسی کی روایت کے بارے میں تفصیل سے بچوں کو بتایا جائے۔<br>(v) سبق عروسی رستم کو معلم درجہ میں بلند خوانی کے ذریعہ سنائیں اور طلبا سے انفرادی طور پر بلند خوانی کروائیں۔<br>(vi) شاہنامہ فردوسی کے بارے میں طلبا سے پانچ جملے لکھنے کے لئے کہیں۔<br>(vii) فردوسی کی شخصیت اور حالات زندگی کے بارے میں طلبا سے دس جملے لکھنے کے لئے کہا جائے۔<br>(viii) طلبا سے حکایت عروسی رستم کا خلاصہ لکھنے کے لئے کہا جا سکتا ہے۔ | 4 گھنٹے |

تیسرا ہفتہ

مضمون:- فارسی

درجہ: دھم

| ایام | مجوزہ تدریسی عمل | آموزشی نکات | سبق | آموزشی ماحصل |
|---|---|---|---|---|
| 4 گھنٹے | (i) مناجات کے معنی ومفہوم کو درجہ میں سمجھایا جائے۔<br>(ii) درجہ میں معلم فارسی شاعری میں نظم کی تعریف اوران کے اقسام کو بچوں کو سمجھائیں۔<br>(iii) مناجات میں شامل مشکل الفاظ اوراس کے معنی معلم بورڈ پر لکھ کر سمجھائیں۔<br>(iv) سبق مناجات کو معلم ایک بار بلندخوانی کر کے درجہ میں سنائیں اور طلبا سے انفرادی طور پر بلند خوانی کروائیں۔<br>(v) معلم درجہ میں مناجات کی اثر انگیزی کے بارے میں طلبا کو بتائیں۔<br>(vi) درجہ میں معلم شاعر کے دعائیہ جذبات کو بتائیں اور طلبا سے اس کے بارے میں دس جملے لکھنے کے لئے کہیں۔<br>(vii) معلم درجہ میں مناجات کے شاعر کے بارے میں طلبا کو بتائیں۔ | (i) مناجات کی تعریف جاننا اور سمجھنا۔<br>(ii) فارسی شاعری میں نظم کی تعریف اوراس کے اقسام کو جاننا اور سمجھنا۔<br>(iii) مناجات میں شامل مشکل الفاظ کے معنی ومفہوم کو جاننا اور سمجھنا۔<br>(iv) مناجات کو بلندخوانی کے ذریعہ پڑھنا۔<br>(v) مناجات کی اثر انگیزی کو سمجھنا۔<br>(vi) مناجات میں شاعر کے جذبات کو سمجھنے کی کوشش کرنا۔ | مناجات<br>درس ھفتم<br>7 | (i) مناجات کی تعریف جاننے کی کوشش کرتے ہیں۔<br>(ii) فارسی شاعری میں نظم کی تعریف اور اس کے مختلف اقسام جاننے کی کوشش کرتے ہیں۔<br>(iii) مناجات میں شامل مشکل الفاظ کے معنی کو جاننے کی کوشش کرتے ہیں۔<br>(iv) مناجات کو بلندخوانی کے ذریعہ پڑھنے کی کوشش کرتے ہیں۔<br>(v) مناجات کی اثر انگیزی کو سمجھنے کی کوشش کرتے ہیں۔<br>(vi) مناجات میں شاعر کے جذبات کو سمجھنے کی کوشش کرتے ہیں۔ |

چوتھا ہفتہ

مضمون:- فارسی

درجہ: دھم

| آموزشی ماحصل | سبق | آموزشی نکات | مجوزہ تدریسی عمل | ایام |
|---|---|---|---|---|
| (i) فارسی شاعری میں نظم کے بارے میں جاننے کی کوشش کرتے ہیں۔<br>(ii) نظم کے شاعر ایرج مرزا کے بارے میں جاننے کی کوشش کرتے ہیں۔<br>(iii) مناجات میں شامل مشکل الفاظ کے معنی کو جاننے کی کوشش کرتے ہیں۔<br>(iv) نظم ''مادر'' کو بلند خوانی کے ذریعہ پڑھنے کی کوشش کرتے ہیں۔<br>(v) نظم مادر کے مرکزی خیال کو جاننے کی کوشش کرتے ہیں۔<br>(vi) ماں کی اہمیت کو سمجھنے کی کوشش کرتے ہیں۔ | نظم<br>(مادر)<br>درس دھم<br>10 | (i) فارسی شاعری میں نظم کے بارے میں جاننا اور سمجھنا۔<br>(ii) نظم کے شاعر ایرج مرزا کے بارے میں جاننا اور سمجھنا۔<br>(iii) نظم ''مادر'' میں شامل مشکل الفاظ کے معنی جاننا۔<br>(iv) نظم ''مادر'' کو بلند خوانی کے ساتھ پڑھنا۔<br>(v) نظم ''مادر'' کے مرکزی خیال کو جاننا۔<br>(vi) ماں کی اہمیت کو سمجھنے کی کوشش کرنا۔ | (i) فارسی شاعری میں نظم کے بارے میں درجہ میں سمجھایا جائے۔<br>(ii) نظم کے شاعر ایرج مرزا کے بارے میں بچوں کو سمجھایا جائے۔<br>(iii) نظم ''مادر'' میں شامل مشکل الفاظ کے معنی بتایا جائے۔<br>(iv) نظم ''مادر'' کو بلند خوانی کے ساتھ معلم درجہ میں سنائیں اور طلبا سے انفرادی طور پر بلند خوانی کروائیں۔<br>(v) معلم درجہ میں نظم ''مادر'' کے مرکزی خیالات سے طلبا کو روشناس کرائیں۔<br>(vi) ماں کی اہمیت کو معلم درجہ میں سمجھائیں اور ماں کے متعلق کم از کم دس جملے لکھوائیں۔<br>(vii) معلم درجہ میں شاعر کے بارے میں طلبا کو بتائیں۔ | |

پانچواں ہفتہ

مضمون :- فارسی

درجہ: دھم

| ایام | مجوزہ تدریسی عمل | آموزشی نکات | سبق | آموزشی ماحصل |
|---|---|---|---|---|
| | (i) فارسی غزل کو سمجھایا جائے۔<br>(ii) فارسی شاعری میں غزل کی روایت کو سمجھایا جائے۔<br>(iii) غزل میں آئے دشوار الفاظ کے معنی سمجھایا جائے۔<br>(iv) ردیف وقافیہ کو سمجھایا جائے۔<br>(v) غزل کے اشعار کو سمجھایا جائے اور اس کے معنی کو بھی بتایا جائے۔<br>(vi) معلم درجہ میں غزل کی اثر انگیزی کے بارے میں طلبا کو بتائیں۔<br>(vii) معلم درجہ میں غزل کو ایک بار بلند خوانی کر کے درجہ میں سنائیں اور طلبا سے انفرادی طور پر بلند خوانی کروائیں۔<br>(vii) معلم درجہ میں غزل کے شعراء کے بارے میں طلبا کو بتائیں۔ | (i) فارسی غزل کو جاننا اور سمجھنا۔<br>(ii) فارسی شاعری میں غزل کی روایت کو جاننا۔<br>(iii) غزل میں آئے دشوار الفاظ کے معنی کو سمجھنا۔<br>(iv) شامل نصاب غزل کو بلند خوانی کے ساتھ پڑھنا۔<br>(v) ردیف وقافیہ کو سمجھنا۔<br>(vi) غزل کے اشعار کے معنی سمجھنا۔<br>(vii) امیر خسرو کی شاعری اور حالات زندگی معلوم کرنا۔ | غزل<br>(امیر خسرو)<br>درس نہم<br>9 | (i) فارسی غزل کو سمجھنے کی کوشش کرتے ہیں۔<br>(ii) فارسی شاعری میں غزل کی روایت کو سمجھنے کی کوشش کرتے ہیں۔<br>(iii) غزل میں آئے دشوار الفاظ کے معنی کو سمجھنے کی کوشش کرتے ہیں۔<br>(iv) شامل نصاب غزل کو بلند خوانی کے ذریعہ پڑھنے کی کوشش کرتے ہیں۔<br>(v) ردیف وقافیہ کو سمجھنے کی کوشش کرتے ہیں۔<br>(vi) غزل کے اشعار کے معنی سمجھنے کی کوشش کرتے ہیں۔<br>(vii) امیر خسرو کی شاعری اور حالات زندگی معلوم کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ |

چھٹا ہفتہ

مضمون:- فارسی

درجہ: دھم

| آموزشی ماحصل | سبق | آموزشی نکات | مجوزہ تدریسی عمل | ایام |
|---|---|---|---|---|
| (i) فارسی شاعری میں مثنوی کی تعریف جاننے کی کوشش کرتے ہیں۔<br>(ii) فارسی شاعری میں عارفانہ مثنوی کے بارے میں جاننے کی کوشش کرتے ہیں۔<br>(iii) مثنوی میں مشکل الفاظ کے معانی کو جاننے کی کوشش کرتے ہیں۔<br>(iv) مثنوی ''فوائدادب'' کو بلند خوانی کے ساتھ پڑھنے کی کوشش کرتے ہیں۔<br>(v) مثنوی فوائدادب کے مفہوم کو سمجھنے کی کوشش کرتے ہیں۔<br>(vi) مولانا روم کی شخصیت اور شاعری کو سمجھنے کی کوشش کرتے ہیں۔ | مثنوی<br>(فوائدادب)<br>درس یازدھم<br>11 | (i) فارسی شاعری میں مثنوی کی تعریف جاننا۔<br>(ii) فارسی شاعری میں عارفانہ مثنوی کے بارے میں جاننا۔<br>(iii) مثنوی میں مشکل الفاظ کے معانی کو جاننا۔<br>(iv) مثنوی فوائدادب کو بلند خوانی کے ساتھ پڑھنا۔<br>(v) ردیف وقافیہ کو سمجھنا۔<br>(vi) مثنوی فوائدادب کے مفہوم کو سمجھنا۔<br>(vii) مولانا روم کی شخصیت اور شاعری کو سمجھنا۔ | (i) فارسی شاعری میں مثنوی کی تعریف کو درجہ میں سمجھایا جائے۔<br>(ii) درجہ میں معلم فارسی شاعری میں عارفانہ مثنوی کے بارے میں بتائیں۔<br>(iii) مثنوی میں مشکل الفاظ اور اس کے معنی معلم بورڈ پر لکھ کر سمجھائیں۔<br>(iv) مثنوی فوائدادب کو بلند خوانی کے ساتھ پڑھوائیں۔<br>(v) معلم درجہ میں مثنوی کی اثر انگیزی کے بارے میں طلبا کو بتائیں۔<br>(vi) مثنوی فوائدادب کے مفہوم کو بتائیں۔<br>(vii) معلم درجہ میں مولانا روم کی شخصیت کے متعلق بتائیں خاص کر ان کی شاعری کے متعلق ضرور بتائیں۔<br>(viii) معلم طلبا کو مولانا روم کے علاوہ دیگر مثنوی کے متعلق بھی پوچھیں اور پھر بتائیں۔ | |

ساتواں ہفتہ

مضمون:-فارسی

درجہ: دھم

| آموزشی ماحصل | سبق | آموزشی نکات | مجوزہ تدریسی عمل | ایام |
|---|---|---|---|---|
| (i) فارسی زبان کے بارے میں جاننے کی کوشش کرتے ہیں۔<br>(ii) قدیم فارسی کے بارے میں جاننے کی کوشش کرتے ہیں۔<br>(iii) اوستا کے بارے میں جاننے کی کوشش کرتے ہیں۔<br>(iv) مضمون ''زبان فارسی'' کے مشکل الفاظ کے معنی جاننے کی کوشش کرتے ہیں۔<br>(v) مضمون زبان فارسی کو بلند خوانی کے ذریعہ پڑھنے کی کوشش کرتے ہیں۔<br>(vi) شامل نصاب مضمون ''زبان فارسی'' کا ترجمہ کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔<br>(vii) موجودہ فارسی زبان پر ایک مضمون لکھنے کی کوشش کرتے ہیں۔ | مضمون<br>(زبان فارسی)<br>درس سوم<br>3 | (i) فارسی زبان کے بارے میں جاننا۔<br>(ii) قدیم فارسی کے بارے میں جاننے کی کوشش کرنا۔<br>(iii) اوستا کے بارے میں جاننا۔<br>(iv) مضمون ''زبان فارسی'' کے مشکل الفاظ کے معنی جاننا۔<br>(v) مضمون ''زبان فارسی'' کو بلند خوانی کے ذریعہ پڑھنا۔<br>(vi) شامل نصاب مضمون ''زبان فارسی'' کا ترجمہ کرنا۔<br>(vii) موجودہ فارسی زبان پر ایک مضمون لکھنا۔ | (i) فارسی زبان کے بارے میں سمجھایا جائے۔<br>(ii) قدیم فارسی کے بارے میں درجہ میں بات چیت کروائیں۔<br>(iii) معلم درجہ میں اوستا کے بارے میں بات چیت کریں اور طلبا کو اس کے متعلق بتائیں۔<br>(iv) معلم درجہ میں مضمون ''زبان فارسی'' کے مشکل الفاظ کے معنی بتائیں۔<br>(v) مضمون ''زبان فارسی'' کو معلم بلند خوانی کے ساتھ خود پڑھیں اور پھر بلند خوانی کے ساتھ الگ الگ بچوں کو پڑھوائیں۔<br>(vi) معلم طلبا کو شامل نصاب مضمون ''زبان فارسی'' کا ترجمہ بچوں سے بھی کروائیں۔<br>(vii) موجودہ فارسی زبان پر ایک مضمون لکھوائیں۔ | |

آٹھواں ہفتہ

مضمون:-فارسی　　　　درجہ: دھم

| ایام | مجوزہ تدریسی عمل | آموزشی نکات | سبق | آموزشی ماحصل |
|---|---|---|---|---|
| | (i) فارسی میں ''داستان کوتاہ'' کو بتائیں۔<br>(ii) افسانہ کی تعریف درجہ میں بتائیں۔<br>(iii) افسانہ شبان و گوسفند میں شامل مشکل الفاظ کے معنی بتائیں۔<br>(iv) شبان و گوسفند کو معلم بلند خوانی کے ساتھ پڑھیں اور پھر الگ الگ بچوں سے پڑھوائیں۔<br>(v) معلم درجہ میں افسانہ شبان و گوسفند کا خلاصہ بتائیں اور بچوں کو دوبارہ اپنے الفاظ میں اس سے کہلوائیں۔<br>(vi) داستان کوتاہ پر ایک مختصر مضمون لکھوائیں۔<br>(vii) معلم ''قابوس نامہ'' کے بارے میں بچوں کو بتائیں۔<br>(ix) درجہ میں قابوس نامہ میں سیکھے ہوئے کچھ اہم نکات کو بچوں سے ہی کہلوائیں۔ | (i) فارسی میں ''داستان کوتاہ'' کو جاننا۔<br>(ii) افسانہ ''شبان و گوسفند'' میں شامل دشوار الفاظ کے معنی جاننا۔<br>(iii) شبان و گوسفند کو بلند خوانی کے ذریعہ پڑھنا۔<br>(iv) افسانہ شبان و گوسفند کا خلاصہ جاننا۔<br>(v) ''داستان کوتاہ'' پر ایک مختصر مضمون لکھنا۔<br>(vi) معلم سے ''قابوس نامہ'' کے بارے میں جاننا۔ | داستان کوتاہ<br>(شبان و گوسفند)<br>درس پنجم<br>5 | (i) فارسی میں ''داستان کوتاہ'' کو جاننے کی کوشش کرتے ہیں۔<br>(ii) افسانہ شبان و گوسفند میں شامل دشوار الفاظ کے معنی جاننے کی کوشش کرتے ہیں۔<br>(iii) ''شبان و گوسفند'' کو بلند خوانی کے ذریعہ پڑھنے کی کوشش کرتے ہیں۔<br>(iv) افسانہ شبان و گوسفند کا خلاصہ جاننے کی کوشش کرتے ہیں۔<br>(v) ''داستان کوتاہ'' پر ایک مختصر مضمون لکھنے کی کوشش کرتے ہیں۔<br>(vi) معلم سے ''قابوس نامہ'' کے بارے میں جاننے کی کوشش کرتے ہیں۔ |

## مرتبین حضرات

| نام | اسکول/ادارے کا نام |
|---|---|
| پدم شری پروفیسر (کیپٹن) (ڈاکٹر) شرف عالم | سابق وائس چانسلر مولانا مظہر الحق عربی و فارسی یونیورسٹی، پٹنہ |
| ڈاکٹر نثار احمد فیضی | ڈاکٹر ذاکر حسین ہائی اسکول +2 سلطان گنج، پٹنہ |

## اکیڈمک تعاون - صوبائی کونسل برائے تعلیمی تحقیق و تربیت بہار کے ممبران شعبہ

- ڈاکٹر کرن شرن، جوائنٹ ڈائریکٹر (ڈائٹ) مع شعبہ انچارج لینگویج و سماجی سائنس
- ڈاکٹر رشمی پربھا، شعبہ انچارج سائنس و ریاضی تعلیم
- ڈاکٹر ریتا رائے، شعبہ انچارج شعبہ اساتذہ تعلیم
- ڈاکٹر ویر کمار گجور شعبہ انچارج، فن تدریس، درسیات و شعبہ امتحان
- جناب ونے کمار پاسوان، شعبہ انچارج، شعبہ فاصلاتی تعلیم
- ڈاکٹر سنیہا شیس داس، شعبہ انچارج، شعبہ جمانی آرٹ و کرافٹ
- ڈاکٹر رادھے رمن پرساد، شعبہ انچارج، جمانی فنون اور دستکاری
- ڈاکٹر راجندر پرساد منڈل، شعبہ انچارج، شعبہ تحقیق منصوبہ و پالیسی
- جناب تیج نرائن پرساد، لکچرر شعبہ سائنس و ریاضی تعلیم
- ڈاکٹر ارچنا، شعبہ تعلیمی نفسیات
- محترمہ ویبھا رانی کوآرڈینیٹر، شعبہ مردم شماری تعلیم
- محترمہ آبھا رانی، معاصر لکچرر ایس۔سی۔ای۔آر۔ٹی۔ پٹنہ